مدیر کے نام

سید فضل معبود 'پشاور

آپ نے کتابت' طباعت اور انتخاب مضامین میں عصری مزاج کے تقاضوں کو ملحوظ رکھ کر خوش گوار تبدیلیاں کی ہیں۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ دل کی مرجھائی ہوئی کلی کھل گئی ہے۔ آپ کی محنت کا اندازہ کرتے ہوئے دعائیہ جذبات پیدا ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت اور رسالہ کو مزید بہتر بنانے کی توفیق دے۔ فلسفہ اور سائنس کے موضوع پر پروفیسر عبدالقدیر سلیم کی تحریر میں شگفتگی نے اسے عام فہم بنا دیا ہے ورنہ ادق فلسفیانہ موضوعات سے پڑھنے والے پسپائی اختیار کرتے ہیں۔ مسلم سجاد صاحب نے نومسلمہ کے مضمون کی تلخیص و ترجمہ کے بعد اب کی بار بھی نہایت اہم موضوع پر بیش قیمت معلومات سے نوازا ہے۔ یورپی ممالک میں مسلمانوں کے حالات پر تازہ ترین معلومات کی بہت ضرورت ہے۔ ۶۰ سال پہلے اور حکمت مودودی کے موضوعات میں بہت وسعتیں ہیں۔ ان میں اضافہ کی ضرورت ہے۔

عبدالقدیر سلیم 'کراچی

ترجمان القرآن کو دیکھ کر طبیعت خوش ہوتی ہے۔ واقعی آپ نے اس پرچے پر بڑی محنت کی ہے اور کر رہے ہیں۔ آپ کے حالیہ دو تین "اشارات" بڑے برمحل' اور وقت نظر سے لکھے گئے تھے' خصوصاً امریکی امداد والا۔ مسائل کے سلسلے میں آپ کا موقف عموماً بہت متوازن ہوتا ہے۔ شخصیات کے سلسلے میں پرچہ غیر متوازن لگا۔ خلیل حامدی صاحب یا ملک غلام علی صاحب کے بارے میں ایک ہی بھرپور مضمون کافی ہوتا' بجائے اس کے کہ زعمائے جماعت کے علاحدہ علاحدہ مضامین ہوتے۔

منیر احمد خلیلی 'ابوظبی

ترجمان القرآن کا معیار انتہائی تسلی بخش ہے۔ اشارات اور رسائل و مسائل سے محسوس ہوتا ہے کہ آپ کو اپنے منصب کی نزاکت کا شدت سے پاس ولحاظ ہے۔ کارکنوں کی رہنمائی کے ضمن میں آپ رجحانات جدیدہ کے تابع نظر نہیں آتے ہیں۔ شریعت کے تقاضے پوری طرح ملحوظ رکھتے ہیں۔ کہیں